قاری صبغت اللہ احسن، قاری احمد حسن ساجد اور مولانا محمد یوسف پسروری کے علاوہ دیگر علماء نے بھی خطاب کیا۔ جامعہ سے فارغ ہونے والے طلباء اور طالبات میں اسناد و انعامات تقسیم کیے گئے۔ کانفرنس کا انتظام و انصرام مولانا عبدالخالق رحمانی، حافظ خالد محمود صادق اور ان کی ٹیم نے کیا۔

جامع مسجد اللہ اہل حدیث پوران میں درس قرآن

مورخہ 29 اکتوبر بروز سوموار جامع مسجد اللہ اہل حدیث پوران میں تبلیغی واصلاحی پروگرام منعقد ہوا۔ نائب مدیر الجامعہ حافظ عبدالغفور مدنی (فاضل مدینہ یونیورسٹی) نے سیرت النبی ﷺ کے موضوع پر مدلل درس دیا جس میں پوران اور گردونواح سے لوگوں نے شرکت کی۔ پروگرام کے آخر میں مہمانوں کی ضیافت کی گئی۔

وفیات

جامعہ کے مستقل نمازی اور مخلص کارکن فضل الرحمٰن کا انتقال پُرملال

مورخہ 10 اکتوبر بروز بدھ جامعہ کے مستقل نمازی اور مخلص کارکن فضل الرحمٰن وفات پا گئے۔ انا للہ و انا الیہ راجعون. مرحوم صوم وصلوٰۃ، تلاوت قرآن کے پابند اور بااخلاق وملنسار انسان تھے۔ مرحوم کی نماز جنازہ رئیس الجامعہ حافظ عبدالحمید عامر نے پڑھائی۔

ارشد محمود زرگر (لال دین جیولرز) کو صدمہ

مورخہ 11 اکتوبر بروز جمعرات ارشد محمود زرگر کی پھوپھی محترمہ وفات پا گئیں۔ انا للہ و انا الیہ راجعون. مرحومہ صوم وصلوٰۃ کی پابند اور نیک خاتون تھیں۔ مرحومہ کی نماز جنازہ رئیس الجامعہ نے پڑھائی۔

محمد آفتاب (مدینہ ٹاؤن) کو صدمہ

مورخہ 18 اکتوبر بروز جمعرات محمد آفتاب کے والد محترم مدینہ ٹاؤن میں وفات پا گئے۔ انا للہ و انا الیہ راجعون. مرحوم صوم وصلوٰۃ کے پابند، بااخلاق اور ملنسار انسان تھے۔ مرحوم کی نماز جنازہ رئیس الجامعہ حافظ عبدالحمید عامر نے مسلم ٹاؤن میں پڑھائی۔